میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

نمبر: PN16074 | 17/12/2016 | ہفتہ، 18 ربیع الاول، 1438ھ

حلب کی حمایت میں مظاہرے

پاکستان کی نئی فوجی قیادت حلب کو جابر بشار سے بچانے کے لیے لازمی اپنی ذمہ داری ادا کرے

حزب التحریر ولایہ پاکستان نے حلب کے مسلمانوں کے حق میں ملک بھر میں مظاہرے کیے۔ مظاہرین نے بینرز اور کتبے اٹھا رکھے تھے جن پر تحریر تھا: **"حلب کے مسلمانوں کا قتلِ عام، حرکت میں آؤ مسلم افواج"، "مغرب نے قتل وغارت کی اجازت دی کیونکہ حلب اسلام مانگتا ہے"** اور **"مسلمانوں کی حفاظت، خلافت خلافت"**۔

حزب التحریر ولایہ پاکستان روس اور ایران کی جانب سے جابر بشار کی مسلح حمایت کی شدید مذمت کرتی ہے جس کے بدترین ظلم و جبر اور کفر نظام کو آسانی سے ختم کیا جا سکتا تھا اگر انقلابیوں کا سامنا کرنے کے لیے اسے اکیلا چھوڑ دیا جاتا۔ حزب التحریر ولایہ پاکستان اس کے ساتھ ساتھ مغرب کی عظیم منافقت کی جانب بھی توجہ مبذول کروانا چاہتی ہے جو حق خود ارادیت کے بلند بانگ دعوے تو کرتا ہے لیکن حلب میں قتل و غارت کی اجازت دیتا ہے کیونکہ وہاں کے مسلمان اپنے معاملات کا فیصلہ صرف اور صرف اسلام کے تحت چاہتے ہیں۔ کیا مسلمانوں کو صرف اسی صورت میں زندہ رہنے کا حق ہے اگر وہ کفر کی حکمرانی اطاعت اور اللہ سبحانہ و تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی نافرمانی کریں؟ حزب التحریر ولایہ پاکستان، پاکستان کی نئی فوجی قیادت سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ فوراً ہماری افواج کو حرکت میں لا کر جابر بشار اور اس کے حمایتیوں کے منصوبوں کو خاک میں ملا دیں۔

اے افواج پاکستان کے کمانڈرز!

اللہ سبحانہ و تعالیٰ فرماتے ہیں،

إِن تَنصُرُوا اللَّهَ يَنصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ أَقْدَامَكُم
"اگر تم اللہ (کے دین) کی مدد کرو گے تو وہ تمہاری مدد کرے گا اور تمہیں ثابت قدم رکھے گا" (محمد: 7)۔

شام میں آپ کے بھائیوں نے ایک مبارک انقلاب شروع کیا تا کہ اسلام کو ایک اختیار اور ریاست کے شکل میں قائم کیا جائے۔ وہ صرف اللہ سبحانہ و تعالیٰ ہی کی مدد پر راضی ہیں جبکہ ان کے دشمنوں کی قوت بہت زیادہ ہے۔ ان کا کردار اور عمل پوری امت کے لیے مشعل راہ ہے کہ وہ اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے۔ اللہ کی خوشنودی اس میں ہے کہ جابر کے خلاف مظلوموں اور حق کی راہ پر چلنے والوں کی حمایت اور مدد کی جائے۔ اور اگر آپ کرپٹ سیاسی قیادت کے پیچھے چھپیں گے کہ وہ آپ کو ایسے عمل کا حکم دیں جس کو کرنے کی اجازت واشنگٹن کبھی نہیں دے گا اور ان کی حمایت و مدد کے لیے حرکت میں نہیں آتے تو یہ اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی شدید ناراضگی کا باعث بنے گا۔ آپ کی یہ ذمہ داری ہے کہ آپ خاص طور ہر حلب کے مسلمانوں کے لیے اور عمومی طور پر پورے شام کے مسلمانوں کے لیے ہماری افواج کو حرکت میں لائیں۔

اللہ سبحانہ و تعالیٰ فرماتے ہیں،

وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا أَخْرِجْنَا مِنْ هَٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ أَهْلُهَا وَاجْعَل لَّنَا مِن لَّدُنكَ وَلِيًّا وَاجْعَل لَّنَا مِن لَّدُنكَ نَصِيرًا
"بھلا کیا وجہ ہے کہ تم اللہ کی راہ میں اور ان ناتواں مردوں، عورتوں اور ننھے ننھے بچوں کے چھٹکارے کے لیے جہاد نہ کرو؟ جو یوں دعائیں مانگ رہے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار! ان ظالموں کی بستی سے ہمیں نجات دے اور ہمارے لیے خود اپنے پاس سے حمایتی مقرر کر دے اور ہمارے لیے خاص اپنے پاس سے مددگار بنا" (النساء: 75)۔

اور مسلم افواج کو حرکت میں لانے کے لیے جو پہلا قدم اٹھانا ضروری ہے وہ یہ کہ پاکستان کی قیادت میں موجود مغربی طاقتوں کے ایجنٹوں کو ہٹایا جائے اور نبوت کے طریقے پر خلافت کے واپسی کے لیے حزب التحریر کو نصرۃ فراہم کی جائے۔

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس